Advocates for Children of New York
Protecting every child's right to learn

# نیویارک سٹی پبلک اسکولز میں ترجمے اور ترجمانی کی خدمات

نیویارک سٹی پبلک اسکولز (NYCPS) میں، ایسے والدین جو انگریزی نہیں بولتے، انہیں ترجمے اور ترجمانی کی مفت خدمات حاصل کرنے کا حق ہے۔ یہ خدمات والدین کو اپنے بچوں کے اسکولوں اور NYCPS کے دیگر دفاتر کے ساتھ بات چیت کرنے میں مدد دیتی ہیں، اور والدین کو ان کے بچوں کی تعلیم میں حصہ لینے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔

والدین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے بچوں کے اسکول کے ریکارڈ اور دیگر اہم دستاویزات کا اپنی زبان میں ترجمہ کروائیں اور انہیں اسکول اور NYCPS کے عملے کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں میں ترجمانی کی سہولت بھی حاصل ہو۔

## ترجمے اور ترجمانی کی خدمات کا حق کس کو حاصل ہے؟

NYCPS کے وہ تمام والدین جن کی ترجیحی زبان انگریزی نہیں ہے، انہیں مفت ترجمے اور ترجمانی کی خدمات حاصل کرنے کا حق ہے۔

والدین کو کبھی بھی اپنا مترجم ساتھ لانے کی ہدایت نہیں دی جانی چاہیئے، نیز بچوں سے کبھی بھی اپنے والدین کے لیے ترجمے یا ترجمانی کروانا مناسب نہیں۔

## یہ خدمات کن زبانوں میں دستیاب ہیں؟

ترجمے اور ترجمانی کی خدمات انگریزی کے علاوہ بارہ سب سے عام زبانوں میں دستیاب ہونی چاہیئیں – البانوی، عربی، بنگلہ، چینی، فرانسیسی، ہیٹی کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی، اردو اور ازبک۔

تاہم، تمام والدین، بشمول وہ والدین جو دیگر زبانیں بولتے ہیں، اپنی ترجیحی زبان میں ترجمے اور ترجمانی کی خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## NYCPS کو ترجمہ فراہم کرنا کب ضروری ہے؟

NYCPS کو چاہیئے کہ وہ آپ کے بچے کی تعلیم سے متعلق اہم معلومات پر مشتمل تمام دستاویزات کا ترجمہ بروقت فراہم کرے۔ اس میں درج ذیل شامل ہیں:

- عام نوٹسز، جیسے کہ والدین اور اساتذہ کی کانفرنسز کے بارے میں معلومات، طلباء اور والدین کی ہینڈ بکس، اور اسکول کے درخواست فارمز
- آپ کے بچے سے متعلق دستاویزات، مثلاً رپورٹ کارڈز اور اگلی جماعت میں ترقی کے بارے میں غیر یقینی صورتحال سے متعلق خطوط
- خصوصی تعلیم سے متعلق تمام دستاویزات، جن میں انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور جائزے شامل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے AFC کی خصوصی تعلیم سے متعلق معلوماتی رہنما شیٹ ملاحظہ کریں

## NYCPS کے لیے ترجمانی کی سہولت فراہم کرنا کب ضروری ہے؟

NYCPS کو ترجمانی کی خدمات فراہم کرنی چاہیئیں تاکہ آپ اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں اسکول کے عملے اور NYCPS کے عملے کے ساتھ بات چیت کر سکیں۔ مثال کے طور پر، اسکولوں کو درج ذیل مواقع پر ترجمانی کی خدمات فراہم کرنی چاہیئیں

والدین اور اساتذہ کی کانفرنسز اور IEP کی میٹنگز میں۔ فیملی ویلکم سینٹرز کو چاہیئے کہ جب والدین اپنے بچوں کا اسکول میں داخلہ کروا رہے ہوں تو انہیں ترجمان فراہم کریں۔ سپرنٹنڈنٹس کے دفاتر کو چاہیئے کہ جب والدین اسکول سے متعلق سوالات کے لیے فون کریں تو انہیں ترجمان فراہم کیے جائیں۔

**میں یہ خدمات کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ کو ترجمے اور ترجمانی کی خدمات کی درخواست براہِ راست اپنے بچے کے اسکول یا NYCPS کے اُس دفتر سے کرنی چاہیئے جس سے آپ اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں رابطہ کر رہے ہیں۔ ترجمانی کے لیے، NYCPS آپ کو بالمشافہ یا فون کے ذریعے ترجمانی کی سہولت فراہم کر سکتے ہیں۔ فون کے ذریعے ترجمانی 200 سے زیادہ مختلف زبانوں میں پیر سے جمعہ تک صبح 8 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک دستیاب ہے۔

آپ کے بچے کے اسکول کو چاہیئے کہ وہ آپ کے بچے کے اسکول شروع کرنے کے 30 دن کے اندر آپ کی ترجیحی زبان کا تعین کرے اور یہ معلوم کرے کہ آیا آپ کو اسکول کے ساتھ رابطے میں مدد کی ضرورت ہے یا نہیں۔ آپ کے بچے کے اسکول کو بھی چاہیئے کہ وہ آپ کی ترجیحی زبان کا ریکارڈ محفوظ رکھے۔

تمام اسکولوں کو چاہیئے کہ وہ آپ کو والدین کے حقوق اور ذمہ داریوں کے منشور کی ایک کاپی فراہم کریں، جس میں ترجمے اور ترجمانی کی خدمات حاصل کرنے کے آپ کے حق سے متعلق معلومات شامل ہوں۔ تمام اسکولوں کو یہ بھی چاہیئے کہ وہ واضح طور پر ایسے نوٹس آویزاں کریں جن میں بتایا گیا ہو کہ ترجمے اور ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں۔

**کیا اسکولوں کو معلوم ہے کہ انہیں مجھے ترجمے اور ترجمانی کی خدمات فراہم کرنا ضروری ہے؟**

جی ہاں! تمام اسکولوں میں لینگوئج ایکسیس کوآرڈینیٹرز ہونے چاہیئیں جو اسکول کے عملے کو والدین کو ترجمے اور ترجمانی کی خدمات فراہم کرنے کی اپنی ذمہ داری کے بارے میں آگاہ کریں۔

**اگر مجھے ترجمے اور ترجمانی کی خدمات فراہم نہ کی جائیں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

اگر آپ کو ترجمے یا ترجمانی کی خدمت فراہم نہیں کی جاتی یا آپ ناقص معیار کی خدمات حاصل کرتے ہیں، تو hello@school.nyc.gov پر ای میل کریں، NYCPS کی کمپلینٹ لائن 2013-935 (718) پر کال کریں، یا 311 پر کال کریں۔

**کیا اب بھی مزید سوالات ہیں؟**
تو براہِ کرم چِل شیفٹز ایجوکیشن ہیلپ لائن پر کال کریں
پیر سے جمعرات • صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک
**1-866-427-6033** (ٹول فری)

یہ معلوماتی شیٹ قانونی مشورہ تصور نہیں ہوتی۔ اس معلوماتی شیٹ میں AFC کی رائے بیان کیے بغیر موجودہ پالیسیوں یا قوانین کا خلاصہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر آپ کو کوئی قانونی مسئلہ درپیش ہے، تو براہ کرم کسی اٹارنی یا وکیل سے رابطہ کریں۔

کاپی رائٹ © مئی 2026 بذریعہ نیو یارک کے ایڈووکیٹس برائے اطفال، انکارپوریٹڈ۔